علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبۂ اردو

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذھن نشین کر لیں کہ**

**-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ھیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

**-2 کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی**

کورس: عالمی کلاسیکیت (9023) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس اردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

-1 تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

### امتحانی مشق نمبر 1
### (یونٹ 1 تا 4)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: ادب میں کلاسیکیت اور عصرِ حاضر کے تقاضوں پر جامع مضمون تحریر کریں۔ 20

سوال 2: "اوڈیسی" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کریں نیز اس کا مرکزی خیال بھی واضح کریں۔ 20

سوال 3: "شکنتلا" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں قلم بند کریں نیز اس کے کرداروں پر مختصر روشنی ڈالیں 20

سوال 4: یونانی ڈرامے اور ہندوستانی کلاسیکی ڈرامے کی نمایاں صفات کا موازنہ کریں۔ 20

سوال 5: ابنِ عربیؒ کی کتاب "فصوص الحکم" کے موضوعات پر روشنی ڈالیں۔ 20

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر 50

| | |
|---|---|
| سوال 1: گوئٹے اور اس کی تصانیف کا مختصر مگر جامع تعارف پیش کریں۔ | 20 |
| سوال 2: ''مثنوی معنوی روم'' کے دفتر اول کے اخلاقی پیغام کو اشعار کی مدد سے واضح کریں۔ | 20 |
| سوال 3: 'اوتھیلو' کی کردار نگاری کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ | 20 |
| سوال 4: نصاب میں شامل حافظ شیرازی کی تیسری اور چوتھی غزل کا ترجمہ کریں اور مشکل الفاظ کے معنی بھی لکھیں۔ | 20 |
| سوال 5: دوستوفسکی کے ناولوں کا مختصر تعارف پیش کریں نیز 'جرم وسزا' کا خلاصہ تحریر کریں۔ | 20 |